آداب ۔ یہ آکاش وانی سرینگرہے۔خبروں کے بلیٹن کے ساتھ میں شیخ یاسین۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

*....وزیر اعظم نریندر مودی اور نیوزی لینڈ کے ان کے ہم منصب کے درمیان اعلیٰ سطح کی بات چیت//2030تک سالانہ تجارت کو 35ہزار کروڑ روپے تک پہنچانے کا دہرایا عزم۔

*....سالانہ شری امرناتھ جی یاترا خوش اسلوبی سے جاری//اب تک 2لاکھ 20ہزار سے زائد یاتریوں نے پوتر گپھامیندی حاضری

*....بھارت ایک مستحکم ،خود انحصار اور مستقبل کیلئے تیار دفاعی فورس قائم کرنے کاوعدہ بند//وزیر دفاع

اور

*....آبادی کا عالمی دن آج۔

نیوزی لینڈPM:

بھارت اور نیوزی لینڈ نے اپنے رشتوں اور شراکت داری کو نئی بلندیوں تک پہنچاتے ہوئے 2030تک اپنا دوطرفہ سالانہ تجارت اور خدمات 35ہزار کروڑ روپے پہنچانے کا نشانہ مقرر کیا ہے۔

یہ پیش رفت آج وزیر اعظم نریندر مودی اور ان کے نیوزی لینڈ کے اپنے ہم منصب Christopher Luxon کے درمیان آک لینڈ میں ہوئی بات چیت کے بعد ہوئی۔بات چیت کے بعد ایک مشترکہ بیان میں دونو ں لیڈروں نے کہا کہ انہوں نے بھارت بحرالکاہل کے موضوع پر تبادلہ خیال کیا اور ایک آزادانہ اور ترقی یافتہ خطے کیلئے کام کرنے کو عزم کو دہرایا۔

FTA دونوں لیڈروں نے انڈیا نیوزی لینڈ آزادانہ تجارتی معاہدے پر دستخظ کئے جانے کا خیرمقدم کیا۔

مودی:

دریں اثناءوزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان بڑھتی شراکت داری میں نیوزی لینڈ میں بھارتی برادری ایک اہم رول اداکررہی ہے۔

آک لینڈ میں بھارتی برادری سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں نے ایک دوسرے کیلئے بے شمار مواقعے کھول دیئے ہیں اور یہ شراکت داری کو معیار کی بلندیوں تک پہنچانے کے وعدہ بند ہیں۔

واپسی PM:

اسی بیچ وزیر اعظم نریندر مودی نے نیوزی لینڈ کا دو روزہ دورہ مکمل کرلیا ہے اور وہ وطن واپس پہنچ رہے ہیں۔یہ 40برسوں میں بھارت کے کسی بھی وزیر اعظم کا نیوزی لینڈ کا پہلادورہ ہے جس کی بدولت دوطرفہ رشتوں کو فروغ حاصل ہواہے۔

نریندر مودی نے بے مثال مہمان نوازی کیلئے نیوزی لینڈ کے وزیرا عظم کا شکریہ ادا کیا۔

راجناتھ سنگھ:

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت روائتی دفاعی صلاحیتوں اور جدید ٹیکنالوجی کو مضبوط کرتے ہوئے ایک مستحکم ، خود انحصار اور مستقبل کیلئے تیاردفاعی فورس قائم کرنے کیلئے کام کررہاہے۔

مہندرا گیری کو مشرقی بھیڑے میں شامل کرنے کیلئے منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے INS وشاکھا پٹنم میں آج وزیر دفاع نے کہا کہ آتم نربھر بھارت نظریے کے تحت بھارت ٹیکنالوجی اور روائتی ملٹری صلاحیتوں کو مربوط کررہاہے۔انہوں نے کہا کہ بھارت اب دفاعی درآمدات پر انحصار سے آگے بڑھ کر لوگوں کی ہنر مندی اور اختراعیت کی بدولت جدید ملٹری سازوسامان تیار کررہاہے۔

ایل جی یاترا:

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ انتظامیہ نے ،شری امرناتھ جی شرائن بورڈ، پولیس، فوج، نیم فوجی دستوں، اور دیگر متعلقہ اداروں کے اشتراک سے یاترا کے پُرامن،محفوظ اور احسن انعقاد کیلئے جامع انتظامات کئے گئے ہیں۔ بال تل بیس کیمپ کا دورہ کرکے شری امرناتھ جی یاترا کے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے ایل جی نے وہاں موجود یاتریوں سے ملاقات بھی کی۔

لیفٹیننٹ گورنر نے رہائش، صفائی، طبی سہولیات اور دیگر بنیادی انتظامات کا معائنہ کرتے ہوئے کہا کہ بال تل اور چندن واڑی میں قائم سو/سو بستروں پر مشتمل اسپتال یاتریوں کو معیاری طبی خدمات فراہم کررہے ہیں

یاترا:

دریں اثناءسالانہ شری امرناتھ جی یاترا دونوں روائتی راستوں سے خوش اسلوبی سے جاری ہے اور اب تک 2لاکھ 20ہزار سے زائد یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی۔آج سہ پہر 4بجے تک 23ہزار 901یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی۔

یاتریوں کی اتنی بڑی تعداد کے تناظر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ اتنی بڑی تعداد میں شردھالوؤں کی حاضری بابا برفانی کے تئیں شردھالوؤں کے عقیدے کی عکاسی کرتاہے۔

قافلہ:

اسی دوران جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج 9ہزار ایک سو بیاسی یاتریوں پر مشتمل ایک اور قافلہ وادی پہنچا جن میں سے 3ہزار 305یاتری بال تل جبکہ 5ہزار 877یاتری پہلگام کے راستے یاترا کررہے ہیں۔

واضح رہے کہ شری امرناتھ جی شرائن بورڈ اور دیگر محکموں و ایجنسیوں نے یاترا کے احسن انعقاد کیلئے تمام انتظامات کئے ہیں اور یاتری مجموعی طور پر انتظامات اور یہاں کی مہمان نوازی سے مطمئن ہیں۔

ایل جی ملاقات

افسروں کے ایک گروپ نے آج لوک بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج Trainee انڈین انفارمیشن سروس2023بیچ کے سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔

اس موقعے پر ایل جی نے اُبھرتے ہوئے عوامی اطلاعاتی منظر نامے اور سماج میں مصدقہ اور بروقت اطلاعات کی فراہمی افسروں پر زور دیا کہ وہ تن دہی ، لگن اور حساسیت سے کام کریں۔ان کے ہمراہ Trainee کی اہمیت پرزور دیا۔انہوں نے پریس انفارمیشن بیوروسرینگر کے ڈائریکٹر قاضی سلمان بھی تھے۔

ملاقات:

اس سے پہلے افسروں کے اس گروپ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کا دورہ کیا۔اس موقعے پر آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ اشفاق احمد شاہ نے انہیں نیوز یونٹ کی کارگزاری اور لوگوں تک بروقت خبریں اور معلومات پہنچانے کے مختلف امور سے آگاہ کیا۔

اسی دوران دورہ کرنے والے ان ٹرینی افسروں نے دوردرشن نیوز سرینگر کا بھی دورہ کیاجہاں ڈائریکٹر نیوز دوردرشن قاضی سلمان اور اسسٹنٹ ڈایریکٹر نیوز دوردرشن شبیر احمد ڈار نے انہیں نیوز یونٹ کے کام کاج اور دوردرشن میں نیوز میکنگ کے مختلف پہلوؤں سے روشناس کرایا۔

NC:

بیگم اکبر جہاں کے 26ویں یومِ وصال کے موقعے پر آج نسیم با غ سرینگر میں نیشنل کانفرنس کی طرف ایک کنونشن کا انعقادکیا گیا۔اس موقعے پر پارٹی کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا دلی اور کشمیر کے درمیان اعتماد بڑھانے اور دوریوں کو ختم کرنے کی سمت میں کوئی عملی پیش رفت نہیں ہوئی ہے۔

انہوں نے کہا کہ پارٹی عام لوگوں کی جماعت ہے اور نیشنل کانفرنس ان کے حقوق کے تحفظ کیلئے کام کرتی رہے گی۔اس سے قبل بیگم اکبر جہاں کے مزار پر قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کی مجلس منعقد ہوئی اور پارٹی لیڈروں اور کارکنوں نے مرحومہ کو گلہائے عقیدت نظر کئے۔

اس موقعے پر پارٹی کے نائب صدر اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مرکزی سرکار سے مطالبہ کیا کہ جموں وکشمیر کاریاستی درجہ فوری طور سے بحال کیا جانا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ مرکزی سرکار کے وعدوں کے باوجود جموں وکشمیر کا ریاستی درجہ بحال نہیں کیا جارہاہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ ریاستی درجہ کسی ایک جماعت کا مطالبہ نہیں بلکہ پورے جموں وکشمیر کے عوام کا حق ہے۔

جاوید رانا:

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج سول سیکرٹریٹ جموں میں ایک میٹنگ کے دوران جموں صوبے میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اورار ی گیشن اینڈ فلڈ کنٹرول محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔

انہوں نے مختلف اسکیموں کی عمل آوری اور پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے افسران کو ہدایت دی کہ وہ تمام اسکیموں کومقررہ مدت کے اندر مکمل کریں‌تاکہ عوام کو ان اسکیموں کے فوائد جلد از جلد فراہم کئے جاسکیں۔

اس موقعے پر وزیر نے نشیبی علاقونمیں ممکنہ سیلاب کی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تیاریوں کا جائزہ لیتے ہوئے موثر اقدامات کرنے کے احکامات بھی صادر کئے۔

سکینہ ایتو:

ایک اہم پیش رفت کے تحت جموں وکشمیر سرکار نے اسکول ایجوکیشن محکمے سے تعلق رکھنے والے 539ماسٹرس کو انچار ہیڈ ماسٹروں کے طور پر یوٹی کے مختلف تعلیمی اداروں میں تعینا تی کے احکامات جاری کئے ہیں۔

اس حوالے سے بات کرتے ہوئے تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے ان تقرریوں کو یوٹی کے تعلیمی منظر نامے کیلئے ایک اہم فیصلہ قرار دیا ۔

سکینہ ایتو نے عمر عبداللہ کی سرابراہی والی سرکارکا وادی کے تعلیمی شعبے میں مزید اصلاحات کرنے اور تعلیمی اداروں کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کے عزم کو دہرایا ہے۔

موصوفہ نے کہا کہ سرکار نے مختلف شعبہ جات میں 525لیکچراروں کو بھی یوٹی کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تعینات کرکے تعلیمی منظر نامے کو مزید فعال بنایاہے۔

عالمی دن:

آج آبادی کا عالمی دن ہے۔یہ دن دنیا میں بڑھتی آبادی سے پیش آرہے چیلنجوں کو اجاگر کرنے کیلئے منایاجاتاہے۔آج کے دن آبادی سے متعلق مسائل کو حل کرنے اور دیرپا و ترقی یافتہ مستقبل وجود میں لانے کے عزم کو دہرایا جاتاہے۔

نشہ مکت:

جموں وکشمیر کو منشیات سے پاک کرانے کیلئے نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں جاری ہیں۔ایک طرف اس دھندے میں ملوث افراد کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جارہی ہے اور دوسری طرف اس دلد ل میں پھنسے نوجوانوں کے علاج ومعالجے نیزان کی بازآبادکاری کیلئے ہرممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔

جموں وکشمیر پولیس ،انتظامیہ اور دیگر متعلقہ محکمے منشیات کی بدعت کا خاتمہ کرنے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کررہے ہیں۔

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا ذاتی طور پر ابھیان پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔پیش ہے منشیات کے تعلق سے ان کایہ پیغام۔

اوڑی ڈرگ:

نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان کے تحت آج انڈین ریڈ کراس سوسائٹی جموں وکشمیر نے گورنمنٹ ڈگری کالج اوڑی کے باہمی اشتراک سے منشیات کے مضر اثرات سے متعلق ایک بیداری پروگرام کا اہتمام کیا۔پروگرام کی صدارت انڈین ریڈ کراس سوسائٹی جموں وکشمیر کے جنرل سیکرٹری شُبھانکر پرتیش پاٹھک نے کی۔

پروگرام کے دوران انڈین ریڈ کراس سوسائٹی، گورنمنٹ میڈیکل کالج بارہ مولہ اور جموں وکشمیر پولیس سے تعلق رکھنے والے کئی ماہرین نے سماج میں منشیات کے مضر اثرات کے بارے میں طلباءکو جانکاری فراہم کی۔

SIA:

سٹیٹ انوسٹی گیشن ایجنسی کشمیرنے دہشت گردمخالف کاروائی کو تقویت بخشتے ہوئے 2013 کے تارزو بائیگام دہشت گردانہ حملے میں ملوث امتیاز احمد کنڈو المعروف فیاض، عرف سجاد کے خلاف انٹرپورل ریڈکارنر نوٹس حاصل کی ہے۔

کے مطابق یہ دہشت پسند مزید 10دہشت گردانہ حملوں میں ملوث ہے۔SIA

امت شاہ:

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کتب خانوں کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ملک میں قائم لائبریریوں سے تعلق جوڑیں تاکہ اُن کی بہتر شخصیت سازی ہوسکے۔

وہ آج نئی دلی میں جئے پرکاش نارائن پبلک لائبریری کا افتتاح کررہے تھے۔امت شاہ نے ملک کی تعمیر میں کتب خانوں کے کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ اِن کے ذریعے ہی عوام تک ثقافت اور جدید تعلیم سے متعلق مواد پہنچایا جاتاہے۔

بی جے پی:

بی جے پی سٹیٹ ایگزیکٹیو ممبر جموں وکشمیر اور ضلع انچارج پنچایت الیکشن گاندربل محمد امین شاہ نے آج منی گام میں امرناتھ یاترا بیس کیمپ کا دوہ کرکے وہاں یاتریوں کیلئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوں نے وہاں شردھالوؤں کے ساتھ بات کی اور سہولیات کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔بعد میں انہوں نے نوڈل افسر ڈاکٹر شیخ صلاح الدین کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی اور یاترا نظامت سے جڑے امور پر تبادلہ خیال کیا۔

MBBS؛

جموں کشمیر میں ایک اہم پیش رفت کے تحت طب کے شعبے میں تعلیم کے فروغ کے لئے گورنمنٹ میڈیکل کالج کے لئے 50سیٹوں کے اضافے کا اعلان کیاگیاہے۔MBBS سرینگرمیں

کی موجودہ MBBS سرینگر میرواں تعلیمی سیشن سے ہیGMC نے اس سلسلے میںNMC نیشنل میڈیکل کونسل 200نشستوں کو250کرنے کی منظور ی دی ہے۔

IGNOU:

اندراگاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی نے اوپن، ڈسٹنس لرننگ اور آن لائن موڈ کے ذریعے پیش کردہ انڈر گریجویٹ ، پوسٹ گریجویٹ ، ڈپلوما ، پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما اور سرٹفکیٹ کورسوں کیلئے درخواستیں طلب کی ہیں۔

ان کورسوں کے داخلے اور ری رجسٹریشن کیلئے 15جولائی آخری تاریخ طے کی گئی ہے۔

مختصر خبریں:

ضلع ترقیاتی کمشنر گاندر بل جتن کشور نے آج منی گام میں قائم یاترا ٹرانذٹ کیمپ کا دورہ کرکے وہاں یاتریوں کو فراہم کی جارہی خدمات کا جائزہ لیا۔انہوں نے تمام افسران اور عملے کو ہدایت دی کہ وہ یاتریوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کریں۔

ضلع ترقیاتی کمشنر کولگام شہزاد عالم کی صدارت میں آج ضلع میں محکمہ تعلیم کی ایک جائزہ میٹنگ منعقد ہوئی۔انہوں نے پوشن اسکیم PM افسران کو ہدایت دی کہ وہ تمام تر جاری تعمیراتی کاموں کو ترجیحاتی طور پر مکمل کریں اورضلعے میں کی بہتر عمل آوری کو یقینی بنائیں۔

ڈائریکٹر ایکسٹنشن سکاسٹ کشمیر ڈاکٹر رائحانہ حبیب کنٹھ نے آج کرشی وگیان کیندر بانڈی پورہ کا دورہ کرکے وہاں جاری اختراع اور ایکسٹنشن توسیعی سرگرمیونکا جائزہ لیا۔اس موقعے پر انہوں نے اختراع اور ایکسٹنشن خدمات کے بیچ بہتر تعلق قائم کرنے کی ضرورت کو اجاگر کیا۔

حسینی مجلس:

محرم الحرام کی مناسبت سے آج وادی کے مختلف علاقوں میں عزاداری کے جلوس برآمد کئے گئے اور حسینی مجالس کا 25 انعقاد کیا گیاجس دوران عزاداروں نے کربلا کے شہیدوں کو زبردست خراج عقیدت ادا کیا۔

عیشمقام،میر گنڈ بڈگام Grand آرہ بل شالیمار میں عزاداری اور الم شریف کا ایک بڑا جلوس برآمد ہوا۔اسی طرح کی مجالس اور دیگر مقامات پر بھی منعقد ہوئیں۔

کانگریس:

سروری کی قیادت میں ڈوڈہ ضلع کے ٹھاٹھری علاقے کا دورہ GM کانگریس کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے آج سابق وزیر کرکے وہاں حال ہی میں سیلابی ریلیوں اور بادل پھٹنے کی وجہ سے ہوئے نقصانات کا جائزہ لیا۔

وفد نے سرکار سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر متاثرین کیلئے امداد واگذار کرکے تباہ شدہ بنیادی ڈھانچے کو استوار کرنے کیلئے اقدامات کریں۔

DLSA:

سیکرٹری ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی گاندر بل شیخ بابر حسین نے آج ورچول موڈ کے ذریعے ضلعے مینطالبات کیلئے عملائی جاریہی پرگیاسکالر شپ سکیم کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔

انہوں نے پیرا لیگل والنٹیئرس کو ہدایت دی کہ وہ ضلعے میں گھر گھر جاکر اہل طالبات کی نشاندہی کرکے انہیں اسکیم کے دائرے میں لایا جاسکے۔

موسم:

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر کے اکثر مقامات پر اگلے 24گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت30.2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت21.4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34.4 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت25 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 29 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر45منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبرونکا یہ بلیٹن ختم ہوا۔